© rasailojaraid.com

تبصرے

تذکرۃ الاعزاز از مولوی سید محمد انظر شاہ تقطیع متوسط کتابت وطباعت بہتر ضخامت ایک سو بارہ صفحات قیمت مجلد عہ پتہ:- شاہ منزل دیوبند ضلع سہارنپور

حضرت الاستاذ مولانا محمد اعزاز علی دارالعلوم دیوبند کے ان اکابر اساتذہ میں سے ہیں جن کے وجود کو دارالعلوم کی موجودہ علمی و تعلیمی شہرت میں بہت بڑا دخل ہے۔ علم و فضل اسلامی اور عربی علوم و فنون میں وسعت نظر اور مہارت کے ساتھ بلند پایہ اخلاق و فضائل۔ اوقات اور معمولات درس کی حیرت انگیز پابندی۔ طلباء کے ساتھ غیر معمولی شفقت اور خلوص۔ درس و تدریس اور مطالعہ میں حد درجہ مصروفیت اور انہماک۔ ضابطہ پسندی۔ نظم و آئین کی پابندی۔ سادگی اور بے نفسی۔ یہ وہ اوصاف و کمالات ہیں جن کے اجتماع نے مولانا کو ایک مثالی اور لائق تقلید استاد بنا دیا ہے۔ دارالعلوم دیوبند سے موصوف کا تعلق دیرینہ ہے اور اب تک ہزاروں علماء آپ کے چشمۂ فیض و توجہ سے سیراب ہو کر شاد کام و بامراد ہو چکے ہیں۔ اس بنا پر ضرورت تھی کہ مولانا کا تذکرہ لکھا جائے۔ تاکہ اسی راہ کے دوسرے مسافروں کے لئے ایک مینارۂ روشنی کا کام کرے۔ خوشی کی بات ہے کہ اس کی طرف مولانا کے ہی ایک نوجوان شاگرد نے جو مولانا کے اور ہم سب کے استاد زادہ بھی ہیں توجہ کی اور حضرت موصوف کا یہ تذکرہ لکھ کر پیش کیا۔ یہ کتاب نوجوان مصنف کا پہلا قلمی نقش ہے۔ تاہم معلومات کی حسن ترتیب اور زبان و بیان کی برجستگی کہہ رہی ہے کہ اگر ان کا علمی ذوق و انہماک یکسوئی کے ساتھ دارالعلوم دیوبند کے ماحول میں اسی طرح پروان چڑھتا رہا تو وہ ایک دن حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ جسمانی فرزندی کی نسبت و شرف رکھنے کے علاوہ معنوی اعتبار سے بھی الولد سرٌ لابیہ کا مصداق ثابت ہوں گے خدا کرے کہ ایسا ہی ہو۔ حضرت الاستاذ مولانا محمد اعزاز علی صاحب سے شرف تلمذ رکھنے والوں کے علاوہ دوسرے حضرات کے لئے بھی اس کتاب کا مطالعہ دلچسپی کا سبب ہوگا۔

© rasailojaraid.com